دھان کے پتوں کے جراثیمی جھلساؤ
(Bacterial Leaf Blight)
کے تدارک اور بندوبست کی حکمتِ عملی

تدارک اور بندوبست کی حکمت عملی

- غیر منظور شدہ اور ممنوعہ اقسام ہرگز کاشت نہ کریں۔
- پنیری کی قبل از وقت منتقلی کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ صرف 35-30 دن کی پنیری استعمال کریں تاکہ قد لمبا ہونے کی وجہ سے پنیری اوپر سے کاٹنے کے باعث زخمی نہ ہو۔ نیز پنیری اکھاڑنے سے ایک دن پہلے پانی ضرور لگائیں تاکہ جڑیں نہ ٹوٹیں۔
- بیماری والے کھیت سے پانی صحت مند فصل والے کھیت میں نہ جانے دیں، تاکہ بیماری دوسرے کھیتوں میں منتقل نہ ہو سکے۔
- بیماری کے جرثومہ کے دوران زندگی کے تسلسل کو توڑنے اور اس کے مزید پھیلاؤ کو روکنے کے لئے دھان کی جڑی بوٹیوں کو بروقت کنٹرول کریں۔
- دھان کے کیڑوں بالخصوص پتہ لپیٹ سنڈی کا بروقت موثر تدارک کریں۔
- ابتدائی مرحلہ پر ہی بیماری کی پہچان کے لیے۔

بیماریوں کی شناخت

- نیچے دی گئی تصاویر کے مطابق کر کے فوری تدارک کریں۔ بیمار پودوں اور آس پاس والے چند صحت مند پودوں کو بھی اُکھاڑ کر تلف کر دیں۔

1 بیماری کا ابتدائی مرحلہ۔ تدارک ممکن

2 بیماری ثانوی مرحلہ پر کنٹرول نہایت مشکل

3 بیماریوں کا آخری مرحلہ۔ تدارک ناممکن

- کاپر آکسی کلورائیڈ بحساب 3 گرام فی لیٹر میں ملا کر فصل پر سپرے کریں۔ یا 1:1:100 بورڈو مکسچر کا سپرے کریں۔

بورڈو مکسچر بنانے کا طریقہ:

ایک کلوگرام نیلا تھوتھا لے کر ململ کے دوہرے کپڑے میں پوٹلی بنا کر کسی مٹی یا پلاسٹک کے برتن میں پانی ڈال کر رات کو بھگو دیں۔ اس کے ساتھ ایک کلوگرام ان بجھا چونا (چونے کا پتھر) لے کر اسی طرح کے دوسرے برتن میں رات کو آہستہ آہستہ چونے پر پانی ڈال کر بھگو دیں۔ اگلے دن صبح دونوں برتنوں کے پانی علیحدہ علیحدہ نتھار لیں، تیسرے بڑے برتن میں چونے کا نتھرا ہوا پانی ڈال لیں اور اس میں نیلے تھوتھے کا نتھرا ہوا پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر لکڑی کے ڈنڈے کے ساتھ ہلاتے رہیں۔ نیز لوہے کی سلاخ یا کھرپہ درانتی پاس رکھیں اور حل شدہ محلول میں ڈال کر گاہے بہ گاہے دیکھتے رہیں جیسے ہی اس سلاخ یا کھرپہ درانتی پر تانبے کے ذرات ظاہر ہوں نیلے تھوتھے کا محلول ڈالنا بند کر دیں اور پانی ڈال کر محلول کی مطلوبہ مقدار 100 لیٹر پوری کر لیں۔ بورڈو مکسچر کا یہ محلول ایک ایکڑ دھان کی فصل پر سپرے کرنے کے لیے کافی ہے۔

نظامت زرعی اطلاعات پنجاب
21- سر آغا خان سوئم روڈ، لاہور
تعداد: 50000 اشاعت: 2008-09
محکمہ زراعت حکومت پنجاب